# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ سکرنڈ شوگر ملز لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص یافتگان کا پینتیس واں (35) سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ 26 جنوری، 2024 کی دوپہر 3:00 بجے بمقام انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آڈیٹوریم، کلفٹن، کراچی میں منعقد ہوگا۔ جس میں درج ذیل امور طے پائیں گے۔

(الف) عمومی امور

۱۔ 9 مئی، 2023 بروز منگل کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

۲۔ 30 ستمبر، 2023 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ کی وصولی، تجزیہ اور منظوری۔

۳۔ 30 ستمبر، 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضہ کا تعین۔ اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 30 ستمبر، 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹر میسرز پارکر رسل اے۔ جے۔ ایس۔ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے نام کی سفارش کی ہے۔

(ب) خصوصی امور

۴۔ سالانہ رپورٹ بشمول اجلاس عام کے نوٹس کی ترسیل


کمپنی کے اراکین کو کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے بشمول آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس ارسال کرنے کیلئے بذریعہ عمومی قرارداد کی منظوری دینا جس کی اجازت ایس ای سی پی نے اپنے ایس آر او 2023/(I)389 بتاریخ 21 مارچ، 2023 کے ذریعے دی ہے۔

''قرار پایا کہ کہ جیسا کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے ایس آر او 2023/(I)389 بتاریخ 21 مارچ، 2023 کے ذریعے مطلع کیا گیا ہے، سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے بجائے کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اراکین کو سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات کی ترسیل کی توثیق کی جاتی ہے اور مستقبل کیلئے اس کی منظوری دی جاتی ہے۔

(پ) دیگر امور

چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت سالانہ اجلاس عام کے خصوصی امور سے متعلق اہمیت کے حامل معاملات کو نوٹس کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔

بحکم بورڈ



محمد عمران اکبر

کمپنی سیکرٹری

کراچی

مورخہ: 5 جنوری، 2024

نوٹس:

## ا۔ کمپنی حصص کی کتب بندش

کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کتب 19 جنوری ، 2024 سے 26 جنوری، 2024 تک بند رہیں گی ( بشمول دونوں ایام ) ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز JWAFFS رجسٹرار سروسز ( پرائیویٹ ) لمیٹڈ (408-407،ال امیرا سینٹر،شاہراہ عراق،صدر کراچی ) کو 18 جنوری ،2024 تک کاروباری اوقات کے اختتام (پانچ بجے شام ) تک وصول ہونے والی منتقلیوں کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

## ۲۔ اے جی ایم کی کارروائی میں ورچوئل شرکت

اے جی ایم میں ورچوئل شرکت کرنے کے متمنی حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ مندرجہ ذیل تفصیلات 23 جنوری ، 2024 کو کاروبار کے اختتام سے قبل admin@sakrandsugar.com پر ای میل کے ذریعے ارسال کر کے کمپنی میں خود کو رجسٹر کرا لیں۔

| نام | شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر | حصص کی تعداد | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|

براہ مہربانی نوٹ فرمالیں کہ صرف ان اراکین/مقرر پراکیسوں لاگ ان کی تفصیلات فراہم کی جائیں گی جن کے ای میل اور دیگر مطلوبہ معلومات وقت پر وصول ہوں گی جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا۔

(الف) اراکین کو ان کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر اے جی ایم کیلئے ویڈیو لنک ارسال کیا جائے گا تا کہ وہ دیے گئے دن اور وقت پر اے جی ایم میں شرکت کر سکیں۔

(ب) لاگ ان کی سہولت اے جی ایم کے انعقاد کے وقت سے تیس (30) منٹ قبل کھولی جائیں گی جس کے بعد شرکا شناخت کے عمل کے بعد اے جی ایم میں شرکت کر سکیں گے۔ حصص یافتگان شناخت اور تصدیق کیلئے درکار کارروائی کی تکمیل کے بعد اپنے ڈیوائسز کے ذریعے اے جی ایم کی کاروائی میں شرکت کیلئے لاگ ان کر سکیں گے۔

## ۳۔ سالانہ اجلاس میں شرکت اور پراکسیوں کا تقرر

اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ ہر لحاظ سے پُر کیا گیا پراکسی فارم کمپنی یا شیئرز رجسٹرار آفس میں اجلاس شروع ہونے سے پہلے کم از کم 48 گھنٹے پہلے موصول ہونا چاہیے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز/ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ شناخت کے مقصد کیلئے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ بشمول پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر اور سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ہمراہ لے کر آئیں۔ اگر اراکین کی طرف سے پراکسی دی جاتی ہیں تو پراکسی کو حقیقی حصص یافتہ کے قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کرنا ہوگی۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی نامزد شخص کے دستخط کے ساتھ پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرایا جائے گا۔ نامزد شخص تصدیق کیلئے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ پیش کرے گا۔

## ۴۔ شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروانا

سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے اعلامیہ کے مطابق رجسٹرڈ حصص یافتگان اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا مجاز شخص کا ماسوائے نابالغان اور کارپوریٹ حصص یافتگان کے جمع کروانا لازمی قرار پایا ہے، چنانچہ حصص یافتگان کو جنہوں نے اپنے قومی شناختی کارڈ کی نقول فراہم نہیں کیں انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ مصدقہ شناختی کارڈ کی نقول شیئرز رجسٹرار میسرز JWAFFS رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (408-407،ال امیر اسینٹر شاہراہ عراق،صدر، کراچی) کو جمع کروائیں گے۔

## ۵۔ فیزیکل شیئرز کی سی ڈی سی اکاؤنٹ میں تبدیلی

ایس ای سی پی نے اپنے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 بتاریخ 26 مارچ، 2021 کو لسٹڈ کمپنیوں کو کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 72 کی تعمیل میں تجویز دی ہے کہ وہ ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ سے چار سال کے اندر فیزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں منتقل کریں۔

اس طرح کمپنی کے فیزیکل فولیو / شیئرز سرٹیفکیٹس رکھنے والے تمام شیئرز ہولڈرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ جلد از جلد اپنے فیزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرائیں۔ اس ضمن میں شیئر ہولڈرز پاکستان اسٹاک ایکس چینج ممبر، سی ڈی سی پارٹیسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس پروائیڈر سے سی ڈی سی اکاؤنٹ کھولنے میں معاونت اور فیزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں منتقلی کراسکتے ہیں۔ بک انٹری فارم میں شیئرز رکھنا کئی فوائد کا حامل ہے جس میں سی ڈی سی شیئرز کی محفوظ تحویل، ڈپلیکیٹ شیئرز وغیرہ کے اجرا کیلئے مطلوبہ لوازمات سے بچاؤ شامل ہے۔ اس ضمن میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز JWAFFS رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (408-407، ال امیر اسینٹر شاہراہ عراق، صدر، کراچی) سے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں۔

۶۔ اراکین سے گزارش ہے کہ اپنے پتے اور رابطہ نمبروں میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی فوری اطلاع ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز JWAFFS رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (408-407، ال امیر اسینٹر شاہراہ عراق، صدر، کراچی) کو جمع کرائیں۔

۷۔ برائے مہربانی کمپنی کے ساتھ تمام مراسلات میں اپنے فولیو نمبر کا حوالہ دیں۔

## ۸۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ مالی حسابات کی دستیابی

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (7)223 کے تحت کمپنی کے مالی حسابات کو کمپنی کی آفیشل ویب سائٹ (http://www.sakrandsugar.com) پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔

## ۹۔ سی ڈی/ڈی وی ڈی کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات کی ترسیل

کمپنی نے اپنے اراکین کو سالانہ مالی حسابات کو سی ڈی کے ذریعے ان کے رجسٹرڈ پتہ پر ترسیل کر دی ہے۔ تاہم کمپنی اراکین کی درخواست پر ان کے رجسٹرڈ پتہ پر سالانہ رپورٹ کی پرنٹ شدہ کاپی مفت میں فراہم کرے گی۔

## ۱۰۔ غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ

حصص یافتگان جنہوں نے اپنا منافع منقسمہ وصول نہیں کیا کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ، اگر کوئی ہے، کو وصول / معلومات کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

# کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 134 کے تحت بیان

یہ بیان 26 جنوری، 2024 کو منعقد ہونے والے سکرنڈ شوگر ملز کے سالانہ اجلاس عام کے خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کو واضح کرتا ہے۔

## ایجنڈا نمبر ا

ٹیکنالوجی میں پیش رفت اور پرانی ٹیکنالوجی کے معدوم ہونے کو مدنظر رکھتے ہوئے ایس ای سی پی نے اپنے ایس آر او 2023/(I)389 بتاریخ 21 مارچ، 2023 کے ذریعے کمپنیوں کو کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے اراکین کو سالانہ رپورٹ (بشمول آڈٹ شدہ مالی حسابات، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ، چیئرمین جائزہ رپورٹ) ارسال کرنے کی اجازت دی ہے۔ ایس ای سی پی نے اس بات کی بھی اجازت دی ہے کہ سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعے مالی حسابات کی ترسیل روکی جاسکتی ہے۔

مذکورہ بالا ایس آر او کے مطابق یہ کمپنی کے اراکین کی منظوری سے مشروط ہے۔

ٹیکنالوجی میں ترقی کے زیادہ سے زیادہ استعمال پر غور اور ماحول اور پائیداری سے متعلق کمپنی کی کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے کمپنی مستقبل میں سی ڈیز کے ذریعے سالانہ رپورٹ کی ترسیل کو روکنا چاہتی ہے۔ نتیجتاً کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے کہ سالانہ رپورٹ (بشمول سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات اور اس میں موجود دیگر رپورٹس) کو کمپنی کے اراکین کو کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کرنے سے متعلق نوٹس سے میں بیان کردہ قرارداد کو اراکین کے ذریعہ منظور کیا جائے۔

اس بندوبست سے اراکین کو وہ جہاں کہیں بھی ہوں کمپنی کے مالی حسابات تک رسائی میں مدد ملے گی۔ اس کے علاوہ اس سے سی ڈی کی تیاری پر اٹھنے والے غیر ضروری اخراجات بھی کم ہوں گے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ اگر کوئی رکن سالانہ رپورٹ کی پرنٹ شدہ کاپی حاصل کرنا چاہتا ہے تو کمپنی ایسے رکن کو مذکورہ بالا ایس آر او کے مطابق مفت میں پرنٹ شدہ کاپی فراہم کرے گی۔ اس حق اور استحقاق میں تبدیلی کی کوئی تجویز پیش نہیں کی جارہی ہے۔

کوئی بھی ڈائریکٹر ماسوائے کمپنی میں اراکین اور ڈائریکٹرز کی حیثیت کی حد تک مذکورہ قرارداد میں کوئی ذاتی دلچسپی نہیں رکھتا۔